A

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

## പാദവാർഷിക ആത്യന്തിക വിലയിരുത്തൽ 2026-27

## ഉർദു

1010

ക്ലാസ് : X

സമയം : 11/2 മണിക്കൂർ
ആകെ സ്കോർ : 40

### പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

* ആദ്യ 15 മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
* ചോദ്യങ്ങളും നിർദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവം വായിച്ച് എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരം എഴുതണം. ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.
* A അല്ലെങ്കിൽ B എന്ന് ചോയ്സ് നൽകിയ ചോദ്യങ്ങളിൽ, ഏതെങ്കിലും ഒരു ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരം എഴുതിയാൽ മതി.

1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4x1=4

1 اب تو مذہب کوئی ایسا بھی چلایا جائے
جس میں انسان کو انسان بنایا جائے

بچو، یہ غزل کا ایک شعر ہے۔ اس کا شاعر کون ہے؟ 1

(علی سردار جعفری، شہریار، گوپال داس نیرج، سعادت نظیر)

2 'ذات پات اور بھید بھاؤ بے معنی ہیں۔' یہ کس کا قول ہے؟ 1

(جواہر لال نہرو، ابوالکلام آزاد، بی آر امبیڈکر، سبھاش چندر بوس)

3 ٹوٹے ہوئے دلوں کو محبت سے جوڑ دو!
جوہرِ عمل کے اپنے دکھاتے چلے چلو!

شاعر کے خیال میں ٹوٹے ہوئے دلوں کو کیسے جوڑ سکتا ہے؟ 1

(محبت سے، نفرت سے، لالچ سے، غفلت سے)

4 جملے غور سے پڑھیے۔ 1

i لائیکور ایک صوفی بزرگ تھے۔

ii لائیکور ایک نغمہ زن تھے۔

iii لائیکور ایک اندھا آدمی تھے۔

iv لائیکور سمرقند کا راجا تھے۔

ان میں کون کون سے جملے صحیح ہیں؟ صحیح بیان چن لیجیے۔

(a i اور ii صحیح ہے۔ (b i اور iv صحیح ہے۔

(c ii اور iii صحیح ہے۔ (d ii اور iv صحیح ہے۔

**5** سے **8** تک کے سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھیے۔ **4x2=8**

5 گیت انمن ہے، غزل چپ ہے، رباعی ہے دکھی

ایسے ماحول میں نیرجؔ کو بلایا جائے

غزل کے آخری شعر کی خصوصیت کیا ہے؟ 2

6A عام طور پر اگر کوئی بادشاہ کے خلاف آواز اٹھاتا یا اسے برا بھلا کہتا تو اس کا سر قلم کرا دیتا۔

بچو، اس میں 'سر قلم کرا دینا' کا مطلب کیا ہے؟ 2

**OR**

6B خالہ جان نے کہا کہ ''الگو چودھری کو تو مانے گا؟'' جمّن مسرت سے باغ باغ ہوگیا۔

'باغ باغ ہونا' ایک محاورہ ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے؟

7 جنگ ایک سماجی مسئلہ ہے۔ جنگ کے خلاف مناسب دو نعرے تیار کیجیے۔ 2

8A ''بیٹا، تم مجھے روپے دے دیا کرو۔ میں اپنا الگ پکالوں گی۔''

یہ افسانہ 'پنچایت' کا ایک مکالمہ ہے۔ بچّو، یہ کون کس سے کہتا ہے؟ 2

OR

8B ”آپ مجھے اندھا کیوں کہتے ہیں؟ جب کہ مجھے سب کچھ صاف دکھائی دیتا ہے۔“

یہ کہانی 'سنگیت کا کرشمہ' کا ایک مکالمہ ہے۔ بچّو، یہ کون کس سے کہتا ہے؟

**9 سے 12 تک کے سوالوں کے جواب مختصر طور پر لکھیے۔** **4x3=12**

9 عبارت پڑھ کر تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

سعادت نظیر اردو کے مشہور شاعر ہیں۔ ان کی پیدائش ۲۶/ مارچ ۱۹۲۶ء کو ہوئی۔ انھیں بچپن ہی سے روزگاری کا سخت مقابلہ کرنا پڑا۔ لیکن انھوں نے اپنی ہمت سے تعلیم پوری کی۔ وہ غزل اور نظم دونوں لکھتے تھے۔

(اشارے: کون، کب، کیا کیا، کیسے)

10A ”حضور! میں اب اندھا نہیں ہوں۔ میری بینائی واپس آ گئی ہے۔“

بچّو، حکیم خان بادشاہ سے ایسا کیوں کہتا ہے؟ اپنی رائے پیش کیجیے۔ 3

OR

10B لائیکور نے بادشاہ سے کہا ”ملک کی توسیع کے ساتھ ساتھ رعایا کی خوش حالی کا بھی خیال رکھے۔“

موجودہ دور میں اس قول کی اہمیت کیا ہے؟ بیان کیجیے۔

(اشارے: بھوک، افلاس، تنگ دستی، اطمینان، ترقی اور مضبوط)

11 تفریقِ رنگ و نسل مٹاتے چلے چلو!
انسانیت کی شان دکھاتے چلے چلو!

شاعر اس شعر کے ذریعہ کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

12 استاد اور بھیم راؤ کا رشتہ ایسا مضبوط ہوگیا کہ آگے چل کر بھیم راؤ سکپال اپنا نام بھیم راؤ امبیڈکر بدل دیا۔ کیوں؟ اشاروں کی مدد سے واقعہ پیش کیجیے۔ 3

(اشارے: برہمن اساتذہ، ہمدردی، ذات پات کی تفریق، برابری سے سلوک)

**4x4=16** **13** سے **16** تک کے سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔

13 پریم چند کے بارے میں نیچے چند معلومات دی گئی ہیں۔ ان کی مدد سے سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

| | | |
|---|---|---|
| اصلی نام | : | دھنپت رائے |
| پیدائش | : | ۳۱؍ جولائی ۱۸۸۰ کو بنارس کے قریب لمہی گاؤں میں |
| شہرت | : | اردو اور ہندی کے مشہور افسانہ نگار اور ناول نگار |
| افسانے کا پہلا مجموعہ | : | سوزِ وطن |
| افسانوی مجموعے | : | سوزِ وطن، پریم پچیسی، پریم بتیسی، خاکِ پروانہ وغیرہ |

14A جس کی خوش بو سے مہک جائے پڑوسی کا بھی گھر

پھول اس قسم کا ہر سمت کھلایا جائے

شاعر کس قسم کی پھول کھلانے کی بات کرتا ہے؟

بچّو، سوال کی روشنی میں شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

**OR**

14B ٹوٹے ہوئے دلوں کو محبت سے جوڑ دو!

جوہر عمل کے اپنے دکھاتے چلے چلو!

چمکو گگن کے تاروں کی صورت زمین پر

تم آسماں زمیں کو بناتے چلے چلو

شاعر کے خیال میں ٹوٹے ہوئے دلوں کو ہم کیسے جوڑ سکتے ہیں؟

زمین پر تاروں کی طرح کیسے چمک سکتے ہیں؟

بچّو، سوالوں کی روشنی میں شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

15A ’پنچایت‘ پریم چند کا مشہور افسانہ ہے۔

a) کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ اشاروں کی مدد سے نوٹ تیار کیجیے۔ 4

(کہانی میں کردار کا رول، کردار کی خصوصیات، پسند کرنے کی وجوہات)

**OR**

15B ’سنگیت کا کرشمہ‘ ایک دلکش کہانی ہے۔ لائیکو راس کہانی کا ایک اہم کردار ہے۔

a) کہانی کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ اشاروں کی مدد سے نوٹ تیار کیجیے۔

(کہانی میں کردار کا رول، کردار کی خصوصیات، پسند کرنے کی وجوہات)

16 اردو کلب کے ماتحت ۱۵؍ اگست کو اسکول میں قومی گیت کا مقابلہ ہے۔

مشہور گلوکار ارجت سنگھ مہمانِ خصوصی ہوں گے۔

بچّو، اشاروں کی مدد سے اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ 4

(اشارے: عنوان، مقام، تاریخ، صدارت، افتتاح)